شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36۔کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

25ستمبر2026ء

پریس ریلیز

حکومت کے خلاف پُرامن احتجاج کرنا اپوزیشن کا آئینی اور جمہوری حق ہے۔

حکومت اور اپوزیشن دونوں شدت پسندی کی روش چھوڑ کر ملک کی بہتری کے لیے سوچیں۔

عالمی اور علاقائی حالات کے تناظر میں پاکستان کسی سیاسی افراتفری کا متحمل نہیں ہو سکتا۔

(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): حکومت کے خلاف پُرامن احتجاج کرنا اپوزیشن کا آئینی اور جمہوری حق ہے۔ حکومت اور اپوزیشن دونوں شدت پسندی کی روش چھوڑ کر ملک کی بہتری کے لیے سوچیں۔ عالمی اور علاقائی حالات کے تناظر میں پاکستان کسی سیاسی افراتفری کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ کسی بھی ملک کے استحکام اور سلامتی کے لیے سیاسی افراتفری اور خانہ جنگی زہرِ قاتل سے کم نہیں ہوتی۔ امیر تنظیم نے کہا کہ آئینِ پاکستان کے مطابق اپوزیشن کو پُرامن احتجاج کا مکمل حق حاصل ہے۔ تاہم حکومت کی جانب سے پی ٹی آئی کے کارکنان کی ملک بھر میں پکڑ دھکڑ، رینجرز کی تعیناتی اور اُنہیں 'تمام ضروری اقدامات' کا اختیار دینا اور اسلام آباد کو کنٹینرز رکھ کر بند کر دینا نہ صرف جبر کی فضا کو بڑھا رہا ہے بلکہ اِس کے انتہائی خوفناک نتائج بھی سامنے آ سکتے ہیں۔ دوسری طرف پی ٹی آئی کی خیبر پختونخوا حکومت کا صوبائی پولیس کے ذریعے دفاقی دارالحکومت پر دھاوا بولنے کا عندیہ دینا ریاستی اداروں کے ٹکراؤ کا باعث بنے گا، جس کا فائدہ ملک دشمنوں کے سوا کسی کو نہ ہوگا۔ امیر تنظیم نے کہا کہ سیاسی اختلافات کو نفرتوں میں بدل کر اسے حق و باطل کا معرکہ قرار دینا انتہا درجہ کی شدت پسندی ہے، جس سے پاکستان کی سلامتی خطرہ میں پڑ سکتی ہے۔ عالمی حالات کے تناظر میں جب کہ دشمن چاروں طرف سے پاکستان کو کمزور کرنا چاہتا ہے، حکومت اور اپوزیشن دونوں ملک پر رحم کریں۔ حکومت کو بھی چاہیے کہ اپنی انا اور ضد کو چھوڑ کر مذاکرات کے راستے کو اختیار کرے۔ تمام اسٹیک ہولڈرز مل کر ملک کی بہتری کے لیے اقدامات اُٹھائیں۔

جاری کردہ

رضاء الحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت

خلافتِ راشدہ کا نظام

تنظیمِ اسلامی کا پیغام

امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ

بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمد

تنظیمِ اسلامی

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: September 25th, 2026

Peaceful Protest against the Government is the Constitutional and Democratic Right of the Opposition.

Both the Government and the Opposition must abandon the path of extremism and think in the best interests of the Country.

In view of the global and regional situation, Pakistan cannot afford Political Chaos.

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): These views were expressed by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He said that political chaos and civil strife are no less than a deadly poison for the stability and security of any country. The Ameer of Tanzeem-e-Islami said that, under the Constitution of Pakistan, the opposition has the full right to peaceful protest. However, the government's crackdown on PTI workers across the country, the deployment of Rangers and authorization for them to take "all necessary measures," and the closure of Islamabad by placing containers on roads are not only intensifying an atmosphere of coercion but could also have extremely dangerous consequences. On the other hand, the PTI government in Khyber Pakhtunkhwa signaling that it may use the provincial police to march on the federal capital could lead to a confrontation between state institutions, from which no one but the enemies of the country would benefit.

The Ameer of Tanzeem-e-Islami said that turning political differences into hatred and portraying them as a battle between truth and falsehood constitutes extremism of the highest order and could endanger Pakistan's security. In view of the global situation, at a time when the enemy seeks to weaken Pakistan from all sides, both the government and the opposition must show constraint, and try to resolve the issues through dialogue, and think for prosperity of the country. The government, too, should set aside its ego and obstinacy and adopt the path of dialogue. All stakeholders must work together and take practical steps for the betterment of the country.

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat